## بم دھماکہ میں ہنگو کے ضلعی ناظم حاجی خان افضل کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔18ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سرحد کے ضلع ہنگو کی مسجد میں بم دھماکہ اوراس کے نتیجے میں اعتکاف میں بیٹھے ہوئے ضلعی ناظم ہنگو حاجی خان افضل کے جاں بحق ہونے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اورواقعہ کو کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مساجد میں عبادت میں مصروف معصوم شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے مسلمان تو کجا انسان بھی کہلانے کے حق دار نہیں ،ایسے عناصر عبرتناک سزا کے مستحق ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا ہے کہ دہشت گردی کے اس واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور بم دھماکے میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے شہریوں جان و مال کا تحفظ فراہم کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں جاں بحق ہونیوالے ضلعی ناظم حاجی خان افضل کیلئے دعائے مغفرت کرتے ہوئے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کیلئے دعا کی۔

## الطاف حسین رشہداء کے فیملیز،شعبہ خواتین اوراے پی ایم ایس اودعوت افطار سے خطاب

کراچی۔۔۔18ستمبر 2009

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ مستقبل قریب میں ملک کی سب سے بڑی جماعت بن کرابھرے گی، پاکستان کے عوام متحدہ قومی موومنٹ کو ملک کے استحکام کی ضمانت اور واحد سہارا سمجھتے ہیں،جبکہ پاکستان بھر کے تعلیمی اداروں میں اے پی ایم ایس او کی شاخیں قائم کرنے کا اعلان عید کے بعد ہوگا۔انہوں نے اے پی ایم ایس او کے کارکنوں کو ہدایت کی کہ وہ اس مقصد کیلئے تیار رہیں اور ایم کیوایم کے لٹریچر کا بغور مطالعہ کریں۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے جمعہ کے روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں حق پرست شہداء کے لواحقین،شعبہ خواتین،اے پی ایم ایس او اور دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان کے اعزاز میں دیئے گئے افطار وڈنر کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک مختلف قسم کے بحرانوں میں گھرا ہوا ہے آئے دن کہیں نہ کہیں بم دھماکے،خودکش حملے ہورہے ہیں، ہماری مسلح افواج، پولیس، دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے دن ورات دہشت گردی کے خاتمے کیلئے جواں مردی، بہادری کے ساتھ دہشت گردوں کے خلاف کاروائی میں مصروف ہیں۔انہوں نے مسلح افواج کے تمام اعلیٰ حکام، افسران، جوانوں، پولیس و دیگر قانون نافذ کرنے والے اعلیٰ حکام افسران، جوانوں کو بے جگری، بہادری سے لڑنے دہشت گردی کا خاتمہ کرنے پرزبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مسلح افواج، پولیس، دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوان افسران،اعلیٰ حکام نے دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے ان کے لئے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ فوج کے ان شہید ہوجانے والے سپاہیوں، افسران، پولیس ودیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں اور افسران کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرما اوران کے درجات کو بلند کرے۔انہوں نے پاکستان کے عوام انتہائی مشکل حالات کا سامنا کررہے ہیں اور مہنگائی آسمان سے باتیں کررہی ہے،عوام کی قوت خرید اس مہنگائی کے آگے جواب دے چکی ہے،آج فاقہ کشی، بے روزگاری،مہنگائی سے تنگ آکر یا تو خودکشی کا عمل کیا جارہا ہے یا پھر اپنے لوگ بچوں کو فروخت کرنے پر لوگ مجبور ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی ماہ سے آٹے اور چینی کا بحران چل رہا ہے، ہر ٹی وی چینل پر روز صبح و شام ان واقعات اور سانحات کی تفصیلات پیش کی جاتی ہیں جس میں لوگ کڑی اور تپتی دھوپ میں آٹا خریدنے ،چینی کے حصول کیلئے گھنٹوں لائینیں لگا رہے ہیں اور بیشتر جگہوں پر حبس کی وجہ سے بارش کے بڑھ جانے کی وجہ سے بہت سے لوگ گھٹن اور پیروں تلے دب جانے کی وجہ سے ہلاک ہوجاتے ہیں،حال ہی میں کھوڑی گارڈن، لاہور، سرگودھا، پشاور ،سیالکوٹ کا واقعہ ہوا ہے،کونسی جگہ ایسی ہے جہاں پر یہ افسوسناک مناظر نہ ہوئے ہوں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ایتھوپیا اور صومالیہ بنتا جارہا ہے، ورہم ہیں کہ ان باتوں پر توجہ نہیں دے رہے ہیں،افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اب تک ارباب اختیار،حکمرانوں نے خواہ وہ صوبے کے حکمران ہوں یا وفاق کے ہوں کسی نے بھی اب تک آٹے چینی، کی ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف کوئی بھی مئوثر کاروائی نہیں کی ہے۔اس کی ہم مذمت کہ کیا کرسکتے ہیں تاہم مطالبہ کرسکتے ہیں کہ خدارا سخت سے سخت کارروائی کی جائے ۔انہوں نے کہا کہ دوسری طرف ملک کی عوام کے حقوق کی دعویدار سیاسی و مذہبی جماعتیں عوام کو جو مسائل درپیش ہیں،عوام جن مشکلات کا شکار ہیں اس پر تو بات چیت تک نہیں کررہی ہیں اور وہ آٹے چینی کے بحران اور مہنگائی کا مسئلہ اٹھانے کے بجائے ٹی وی مناظرے کررہے ہیں کہ فلاں کی فلاں سے ڈیل ہوگئی، آرٹیکل 6 ہونا چاہئے یا نہیں،مشرف کا ٹرائل ہونا چاہئے یا نہیں۔بجلی، گیس اور پانی کا بحران ہے عوام کے جو بنیادی مسائل ہیں انہیں چھوڑ کر یہ بڑی سیاسی جماعتیں اور دیگر چھوٹی بڑی سیاسی و مذہبی جماعتیں نان ایشوز پر بحث ومباحثہ کررہی ہیں اور اپنے مئوقف پر ڈٹے رہنے اور اسے درست قرار دینے اور اپنے آپ کو برتر ثابت کرنے کیلئے رات دن مصروف ہیں،انہیں غریب عوام کے مسائل اور

ان کے دکھ درد کا کوئی احساس نہیں ہے، اگر اس وقت ملک کے عوام کے مسائل کو اٹھانے کیلئے کوئی آواز ہے تو وہ حق پرست منتخب نمائندگاں کی ہے، یہ جہاں جہاں بات کرتے ہیں تو وہاں وہ نان ایشوز کے بجائے عوام کے بنیادی ایشوز پر بات کرتے ہوئے نظر آئیں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے علاوہ کوئی جماعت ایسی نہیں ہے جو ایم کیو ایم کی طرح عوام کو درپیش مسائل پر جدوجہد کرتی نظر آئے۔ ایم کیو ایم جو 98 فیصد غریب عوام کے حقوق کیلئے آواز بلند کرتی ہے، متحدہ کے کارکنان ورہنما جانوں کے نذرانے پیش کرتے ہیں اور وہ جیل کی اذیتیں برداشت کرتے رہے ہیں انہیں دیکھ کر آج ملک کے عوام ایم کیو ایم کو اپنی جینے کی امید اور ملک کے استحکام کا واحد سہارا سمجھ رہے ہیں ۔انشاءاللہ ایم کیو ایم بہت جلد پورے پاکستان کے چپے چپے میں پھیل جائے گی اگر سب سے مضبوط جماعت مستقبل قریب میں کوئی نظر آئے گی تو متحدہ قومی موومنٹ ہوگی۔ انہوں نے ملک بھر میں پاکستان کے ہر صوبے، شہر، علاقے، تحصیل، گوٹھ میں موجود ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران، کارکنان سے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ غریبوں کی دادرسی کریں اور ایم کیو ایم کے ذمہ داران وتحریکی ساتھی جہاں جہاں ملک کے جس گوشے میں ہیں اگر انہیں تین وقت کی روٹی، تین وقت کا کھانا نصیب ہے تو وہ کم از کم ایک فاقہ زدہ خاندان کا نہیں تو کم از کم ایک فاقہ زدہ شخص کے کھانے کا بندوبست کر سکتے ہیں، ان کا پیٹ بھر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائی نہیں کر رہی تو بحیثیت پاکستانی شہری کے ناطے ہمارا فرض ہے کہ ہم ذاتی طور پر جو غریبوں کی دادرستی کر سکتے ہیں انہوں نے تمام ذمہ داران وکارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ خدارا ایک ایک غریب کو کھانا پہنچائے تو ہم لاکھوں بھوکے لوگوں کو کھانا فراہم کر سکتے ہیں۔ غریبوں کی دادرسی کر کے خدا کو راضی کر لیں اگر خدا کو راضی کر لیا تو سمجھ لیں پاکستان کے استحکام کو مضبوط کر دیا اور اس طرح ہم پاکستان سے غربت کے خاتمے میں ضرور کامیاب ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کوہاٹ میں خودکش حملہ ہوا درجنوں بے گناہ روزے دار شہید ہو گئے، اللہ تعالیٰ ان سب کی قربانیاں ماہِ رمضان المبارک میں قبول کرتے ہوئے انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے، جو لوگ اس حادثے میں زخمی ہوئے اللہ تعالیٰ اس مبارک مہینے کے توسط سے خصوصی کرم کرتے ہوئے صحت کاملہ جلد از جلد عطا فرمائے۔ انہوں نے کوہاٹ بم دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جمعۃ الوداع کے موقع پر دہشت گردوں کو ملک سے نجات عطا فرما۔ انہوں نے شہداء کے لواحقین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اپنے بچوں، بھائیوں، بیٹوں کی قربانیوں پر آپ نے بہت صبر کیا، بھائی، شوہر اور والد ہوں یا بچے ہوں، جوان بیٹے ہوں وہ اس حقوق کی جدوجہد میں مصروف تھے اور اس راہِ حق کی جدوجہد میں جو جان کی قربانی دیتا ہے اللہ تعالیٰ اسے شہادت کا درجہ عطا فرماتے ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہیدوں کو اپنی بارگاہ میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے درجات میں بلندی عطا فرما، ان شہیدوں کی قربانیاں اور ان کا لہو آج رنگ لا رہا ہے اور ایم کیو ایم کا حق پرستانہ پیغام کی گونج ملک کے گوشے گوشے میں سنائی دے رہی ہے اور آنے والے وقتوں میں انشاءاللہ ملک کی سب سے بڑی جماعت اگر کوئی ہوگی تو وہ متحدہ قومی موومنٹ ہوگی۔

## ڈاکٹر فاروق ستار ووسیم آفتاب کا شہداء کی فیملیز، شعبہ خواتین اور اے پی ایم ایس اودعوت افطار سے خطاب

کراچی۔۔۔18، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ خاموش انقلاب ملک کے سیاسی منظرنامے پر دستک دے رہا ہے، اس انقلاب کو سینے سے لگانے اور سچ کو پورے پاکستان میں پھیلانے کیلئے ہم تیاری کرنے جا رہے ہیں۔ متحدہ قومی موومنٹ اپنے منشور پر عملدرآمد کیلئے پاکستان کے عوام کو متحد اور متحرک کرے گی۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز شہداء کے لواحقین، شعبہ خواتین اور اے پی ایم ایس او اور ذمہ داران وکارکنان کے اعزاز میں دیئے گئے افطار ونر کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ افطار وڈنر سے رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے بھی خطاب کیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین لطاف حسین نے چند روز پہلے کہا ہے کہ ایک سیاسی انقلاب دستک دے رہا ہے انہوں نے ہمیں جہدوجہد کی ایک سمت دکھا دی ہے۔ اور عندیہ دیدیا ہے اور یہ بتا دیا کہ 2013 میں ملک کے ایوانوں میں غریب کو پہنچنے سے کوئی طاقت نہیں روک سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 17 سال سے بار بار جھوٹ بولا گیا، سچ کو دبا کر رکھا گیا گیا، اس سلسلے میں آپریشن کے مرکزی کرداروں نے جو الزامات قائد تحریک جناب الطاف حسین پر لگائے گئے اور ہمارے پندرہ ہزار کارکنوں کے خون ناحق سے ہاتھ رنگے گئے۔ ایک سچ کو چھپایا گیا تھا یہ سچ اگر بہت سالوں پہلے سامنے آجاتا تو بہت پہلے متحدہ قومی موومنٹ جو پاکستان کے مظلوموں کی واحد جماعت ہے وہ پاکستان کی سب سے بڑی قومی جماعت بن چکی ہوتی لیکن آج جب جیو اور جینے دو کے سب سے بڑے داعی اور علمبردار قائد تحریک جناب الطاف حسین کے سامنے ان کے تمام شہداء کی قربانیوں کے باوجود انہوں نے ایک جھوٹ اور ظلم کو سہ کر جو قربانی دی اور جدوجہد کا دامن اپنے ہاتھ سے نہیں جانے دیا، الطاف بھائی کے ہاتھ میں یہ اختیار آیا ہے کہ پاکستان کو آگے لے جانا ہے یا پیچھے انہوں نے کہا کہ پاکستان کو روایتی سیاست کے ہاتھوں یرغمال اور مظلوم بنا کر رکھنا ہے یا پاکستان کو قائداعظم کے محمد علی جناح کے خوابوں کی تعبیر کا مرکز بنانا ہے، اعتدال اور ترقی پسند پاکستان بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الطاف بھائی نے اپنے بھائی بھتیجے کا خون معاف کر دیا اور اسٹیبلشمنٹ کے عناصر کو بھی کہہ دیا کہ بھلا دو اور معاف کرو کی پالیسی کا اجراء کیا اور پاکستان کے جمہوری عمل کو بھرپور طریقے سے آگے بڑھنے کا موقع دیا انہوں نے

کہا کہ بدلے اور انتقام سے ہم ملک کو آگے نہیں لے جاسکتے معاف کردینے اور بھلا دینے سے ہم ملک کو آگے لے جاسکتے ہیں، الطاف بھائی نے اپنے عمل و کردار سے اپنی حقانیت اور سچائی ثابت کردی۔ غداری اور ملک دشمنی کے الزامات واپس لے لئے گئے اور جانیں گئیں اور ہم اپنی زندگیوں سے ہاتھ دھو بیٹھیں، ہزاروں خاندانوں کی زندگیاں بدل گئیں لیکن الطاف بھائی نے اس کے باوجود پاکستان کو تعمیر وترقی دی۔ آئندہ سال ہمارے لئے پورے پاکستان میں جدوجہد کا سال ہے، قائد کے نظریئے کو پھیلانے کا سال ہے اور پورے پاکستان میں متحدہ کو بھرپور قومی جماعت بنانے کا سال ہے اس کیلئے ہم تیار ہورہے ہیں اور آج کی افطار بھی اسی کے آغاز کا پیغام ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ پیچھے دیکھے بغیر آگے کے سفر کو جاری ہے۔ یہ طے ہوگیا ہے کہ الطاف حسین ہی پاکستان کے مظلوموں کے واحد نجات دہندہ ہے، دادرسی کرنے والے ہیں ان کے زخموں پر مرہم رکھنے والے اور پاکستان کے ہر مسئلے کا حل اور پاکستان کے ہر سوال کا جواب قائد تحریک الطاف حسین ہی ہیں۔ ہم کرپشن کے خلاف ایک طویل جہاد کا آغاز کریں گے اور متحدہ قومی موومنٹ اپنے منشور پر عملدرآمد کیلئے پاکستان کے عوام کو منظم متحد اور متحرک کرے گی۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہا کہ ایم کیوایم کی یہ روایت رہی ہے کہ جب بھی رمضان المبارک کا مقدس مہینہ آتا ہے ایم کیوایم اور اس کے شعبہ جات افطار پارٹیوں کا اہتمام کرتے ہیں اور آج یہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جہاں اے پی ایم ایس، دیگر شعبہ جات اور ہمارے شہداء کے اہل خانہ موجود ہیں۔

## ایم کیوایم کے الطاف حسین کی جانب سے شہداء کے لواحقین، اے پی ایم ایس او اور شعبہ خواتین کے اعزاز میں دعوت افطار وڈنر

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے جمعہ کے روز ایم کیوایم شہداء کے لواحقین، شعبہ خواتین اور آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے ذمہ داران اور کارکنوں کے اعزاز میں عزیز آباد میں جناح گراؤنڈ میں دعوت افطار وڈنر دیا گیا۔ اس تقریب میں شہداء کے لواحقین کی بڑی تعداد کے علاوہ خواتین کارکنان اور اے پی ایم ایس او کے وابستہ ہزاروں طلبہ وطالبات بھی موجود تھے۔ اس مقصد کیلئے جناح گراؤنڈ میں بڑے پیمانے پر انتظامات کئے گئے تھے۔ دعوت افطار وڈنر سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے ٹیلیفونک خطاب بھی کیا۔ اس موقع پر قائد تحریک الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون بھی موجود تھیں۔ دعوت افطار وڈنر میں ہزارو شرکاء کے لئے نشستوں کا اہتمام کیا گیا تھا۔ تقریب کے سب سے زیادہ معزز مہمان شہداء کے لواحقین اور ان کے دیگر رشتہ دار تھے انہیں تقریب میں خصوصی پروٹوکول دیا گیا اور ان کی مکمل مہمان نوازی کی گئی۔ اس موقع پر رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے جناب الطاف حسین کے خطاب کے دوران شہداء کے لواحقین کئی مرتبہ آبدیدہ ہوگئے۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی جانب سے جناح گراؤنڈ میں دعوت افطار وڈنر
## سینئر صحافیوں اور مہمانوں نے اسے شرکاء کے اعتبار سے اب تک کی پاکستان بھر کی سب سے بڑی دعوت افطار قرار دیدیا

کراچی۔۔۔18، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے ایم کیوایم کے شہداء کے لواحقین، شعبہ خواتین اور آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے اعزاز میں عزیز آباد کے جناح گراؤنڈ میں دیئے گئے دعوت افطار وڈنر کی تقریب کراچی میں اب تک ہونے والی دعوت افطار کے سلسلے کی سب سے بڑی تقریب تھی جس کے انعقاد کے لئے نہ صرف ایم کیوایم کو جناح گراؤنڈ جیسے وسیع وعریض گراؤنڈ کا انتخاب کرنا پڑا بلکہ اس میں ہزاروں مہمان بھی شریک تھے۔ اس امر کی تائید دعوت افطار وڈنر میں شریک سینئر صحافیوں نے بھی کی جبکہ بعض کا خیال تھا کہ اس سے بڑی تقریب پاکستان بھر میں کہیں بھی منعقد نہیں ہوئی یہ اعزاز صرف ایم کیوایم کو ہی حاصل ہے۔

## دہشت گردی کیخلاف جاری لڑائی میں شہید ہونے والے فوجی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں اور افسرانوں کو الطاف حسین کا خراج تحسین

کراچی۔۔۔18، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سوات اور دیگر علاقوں میں دہشت گردوں کے خلاف بے جگری، بہادری، ہمت اور حوصلہ سے لڑنے اور وہاں سے دہشت گردوں کے خاتمہ کرنے پر افواج پاکستان کے افسران اور جوانوں کے علاوہ قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کے افسران اور جوانوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ یہ

خراج تحسین انہوں نے جمعہ کے روز جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ دعوت افطار وڈنر سے خطاب کرتے ہوئے پیش کیا۔انہوں نے دہشت گردوں کیخلاف جاری لڑائی میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے پر فوجی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں اور افسران کو زبر داست خراج تحسین پیش کیا ہے اور ان کی شہادت کی قبولیت اور مغفرت کیلئے دعا کی۔

## بے گناہ انسانوں کو خاک وخون میں نہلانے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں،الطاف حسین
## کوہاٹ کے کچاپکا بازار میں خودکش بم دھماکے پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔18،ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کوہاٹ کے کچا پکا بازار میں خودکش بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں بے گناہ انسانوں کو خاک وخون میں نہلانے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں اور وہ کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔انہوں نے بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین اور زخمی افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کوہاٹ میں خودکش بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے،عوام کی جان ومال کے تحفظ کے لئے مزید مئوثر اقدامات بروئے کار لائے جائیں اور انتہاء پسند دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ کرکے ملک وقوم کی سلامتی اور استحکام کو خطرے سے باہر نکالا جائے۔

## الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کے موقع پر این اے 247 میں کروڑوں روپے کی مالیت سے مکمل ہونے والے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کردیا گیا

کراچی۔۔۔18،ستمبر 2009ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کے موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر کے فنڈز سے این اے 247 میں کروڑوں روپے مالیت کی لاگت سے مکمل ہونے والے متعدد ترقیاتی وتعمیراتی منصوبوں کا افتتاح کردیا۔اس سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری ،رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان،رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر،حق پرست ٹاؤن ناظم اسامہ قادری نے این اے 247 کی یوسی 1،یوسی 2،یوسی 4،یوسی 5،یوسی 9 اور یوسی 10 کے دورے کرکے 7 کروڑ روپے مالیت کی لاگت سے مکمل کئے جانے والے مختلف ترقیاتی وتعمیراتی منصوبوں کا افتتاح کیا۔ان منصوبوں میں یوسی 1 کے علاقے میں گلبہار اسٹریٹ اور "18 ڈایا سیوریج کے کام کی تکمیل،حق پرست روڈ،عثمانی سوسائٹی،افضاء اسٹریٹ کی تعمیر شامل ہے،یوسی 2 کے علاقے میں سیوریج کے کام کی تکمیل،یوسی 2 اور یوسی 5 میں سڑکوں کی روڈ کارپیٹنگ،پانی وسیوریج کی لائینوں کی تبدیلی،سی سی فلورنگ کی تکمیل کے کام،یوسی 9 میں ناصر حسین شہید روڈ،انکوائری آفس سے لیکر کریلا ہوٹل اور یوسی 10 میں اردو بازار سے الحسن چوک تک نئی پانی کی لائینوں کی تنصیب کے کام شامل ہیں۔ان منصوبوں کے افتتاح کے موقع پر عوام سے گفتگو کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے حق پرست منتخب نمائندگان کو شہر میں ترقیاتی اور تعمیراتی منصوبوں کے جال بچھا کر عوام کی بلاتفریق خدمت کرنے کا درس دیا ہے جس پر وہ عمل پیرا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ این اے 247 کی یوسی 1،یوسی 2،یوسی 4،یوسی 5،یوسی 9 اور یوسی 10 میں کروڑوں روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والے ان منصوبوں کا فائدہ کسی ایک مخصوص طبقہ کو ہرگز نہیں ہوگا بلکہ اس سے تمام قومیتوں اور برادریوں کے عوام مستفید ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے رنگ،نسل،زبان،قومیت اور مذہب سے بالاتر ہوکر انسانیت کی خدمت کو اپنا شعار بنایا ہے اور یہی انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر نے کہا کہ ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں کہ اس نے ہمیں آج عوام کی نظروں میں سرخرو کردیا ہے اور حق پرست قیادت عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کرتی رہے گی اور علاقے علاقے عوامی مسائل حل کرکے شہر کو جدید تقاضوں سے ہمکنار کریگی۔انہوں نے ترقیاتی وتعمیراتی منصوبوں کی تکمیل پر اہل علاقہ کو مبارکباد بھی پیش کی۔

## مستقبل میں جناب الطاف حسین ہی ملک وقوم کی رہنمائی کریں گے

## الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ، پاکستان سمیت دنیا بھر سے تہنیتی پیغامات موصول ہوئے

کراچی۔۔۔18، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کے موقع پر پاکستان سمیت دنیا بھر سے بہت بڑی تعداد میں تہنیتی پیغامات بھیجے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔ تہنیتی پیغامات بھیجنے والوں میں تاجر، صنعتکار، بیوروکریٹس، سیاسی وسماجی رہنما، وکلاء، صحافیوں، علمائے کرام، اساتذہ کرام، پروفیسرز، ڈاکٹرز، انجینئرز، کے علاوہ مختلف قومیتوں، برادریوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد اور پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ایم کیوایم کے کارکنان شامل ہیں۔ اپنے پیغامات میں انہوں نے کہا کہ بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی سالگرہ کا دن ملک بھر کے مظلوم عوام کیلئے خوشیوں کا باعث ہے کیونکہ 17 ستمبر کے دن اس شخصیت نے جنم لیا جس نے نوجوانی میں داخل ہوتے ہی مظلوموں کی محرومیوں، ناانصافیوں اور زیادتیوں کومحسوس کیا اور اس کے خلاف عملی جدوجہد کا آغاز کیا۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے اپنی سیاست میں خدمت کے فلسفے کو متعارف کرایا جناب الطاف حسین ہی ملک کے واحد رہنما ہیں جو اصولوں پر سودے بازی نہیں کرتے بلکہ مظلوموں کے حقوق کو اجاگر کرتے ہیں اور جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کررہے ہیں اور اب اس جدوجہد میں مختلف قومیتوں، برادریوں اور مذاہب کے لوگوں کی شمولیت نے ثابت کردیا ہے کہ وہ صرف مظلوموں کے قائد ہیں اور مظلوم عوام کے حقوق کیلئے کسی بھی بڑی سے بری قربانی سے دریغ نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ حق پرستی کی تحریک میں جناب الطاف حسین نے اپنے بڑے بھائی ناصر حسین شہید اور بھتیجے عارف حسین شہید کا خون اور ایم کیوایم کے خلاف ریاستی آپریشن کے مرکزی کرداروں کو معاف کردیا اور ملک میں مفاہمت کی سیاست کو فروغ دیا اور مفاہمتی کمیشن کی بات کی۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کے یہ مثبت فیصلے تاریخ کا حصہ بن چکے ہیں اور مستقبل میں جناب الطاف حسین ہی ملک وقوم کی رہنمائی کریں گے۔ اپنے پیغامات میں انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کی اور ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## آٹے، چینی کے ذخیرہ اندوزوں کی پشت پناہی کرنے والے سرمایہ دار سیاسی رہنماؤں کا مکروہ چہرہ عوام پہچان چکے ہیں، رانا فرحت علی ایڈووکیٹ، پروفیسر غلام صابر

## آٹے، چینی کے ذخیرہ اندوزوں کے سرپرست سرمایہ دار سیاسی رہنماؤں کا عوامی احتساب جلد شروع ہوگا،

## ایم کیوایم کی عوام دوست پالیسی کی بدولت جناب الطاف حسین کا نظریہ ''حقیقت پسندی وعملیت پسندی'' پنجاب کے عوام کا مقدر ہے

## ایم کیوایم لاہور کے زیراہتمام راوی ٹاؤن میں افطار ڈنر سے خطاب

لاہور۔۔۔۔۔18، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کی کنونشن کمیٹی کے اراکین رانا فرحت علی ایڈووکیٹ، پروفیسر غلام صابر نے کہا ہے کہ آٹے، چینی کے ذخیرہ اندوزوں کی پشت پناہی کرنے والے سرمایہ دار سیاسی رہنماؤں کا مکروہ چہرہ عوام پہچان چکے ہیں اور اپنے ذاتی فائدے کے لیئے عوام کو مہنگائی کے چنگل میں جکڑنے والے سیاسی رہنماء اپنے سیاہ کرتوتوں کی بدولت عوام کے سامنے بے نقاب ہوچکے ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم  لاہور کے زیراہتمام راوی ٹاؤن میں افطار ڈنر سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں کارکنان وعوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ کمیٹی اراکین نے کہا کہ آٹے، چینی کے ذخیرہ اندوزوں کے سرپرست سرمایہ دار سیاسی رہنماؤں کا عوامی احتساب جلد شروع ہوگا اور عوام کی عدالت سے ذخیرہ اندوزوں کے سرپرستوں کا بچنا ناممکن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بدلتے ہوئے سیاسی منظرنامے اور ایم کیوایم کی عوام دوست پالیسی کی بدولت جناب الطاف حسین کا نظریہ ''حقیقت پسندی و عملیت پسندی'' پنجاب کے عوام کا مقدر ہے کیونکہ پنجاب کے غریب عوام فرسودہ سرمایہ دارانہ اور جاگیردارنہ نظام سے نجات چاہتے ہیں اور ایسی صورت میں پنجاب کے عوام صرف اور صرف جناب الطاف حسین کو ہی اپنا نجات دہندہ تسلیم کررہے ہیں۔

## کرچی کی زمینوں پر قبضے میں ملوث طالبان دہشت گرد اور اندرون سندھ کے ڈاکوؤں شہر کے امن کیلئے شدید خطرہ ہیں، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔18، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ کراچی کی زمینوں پر قبضے میں ملوث طالبان دہشت گرد اور ڈاکو امن کیلئے شدید خطرہ ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں شیریں جناح کالونی سے متصل آئل فیلڈ میں دہشت گردی کا واقعہ ہوا جو کسی بہت بڑے حادثے میں تبدیل ہوسکتا تھا،اسی طرح سعید آباد پولیس ٹریننگ سینٹر کے نزدیک انتہاء پسند عناصر اینٹی ٹینک گولے اور دیگر آتشی اسلحہ و بارود پھینک کر فرار ہوگئے۔انہوں نے کہا کہ تحریک استقلال کے بزرگ پختون رہنما رحمت وردگ کا بیان کہ شیریں جناح کالونی میں طالبان کا مکمل کنٹرول ہے اور ہر آئل ٹینکر سے ایک ہزار روپے بھتہ وصول کرکے قبائلی علاقوں میں بھیجا جارہا ہے۔یہ تمام ناقابل تردید حقائق موجود ہیں جو کہ طالبان دہشت گردوں کی موجودگی کا کھلا ثبوت فراہم کررہے ہیں۔پولیس کی بھی ایک خفیہ رپورٹ کے مطابق ''اندرون سندھ سے ڈاکوؤں کے مختلف ٹولے بھی کراچی میں سرگرم ہوچکے ہیں جو بڑے اور بااثر افراد کے کہنے پر طالبان دہشت گردوں کی طرز پر زمینوں پر قبضے میں ملوث ہیں اور کسی بھی وقت طالبان دہشت گردوں ان ڈاکوؤں میں خونی تصادم ہوسکتا ہے،ان دونوں فریقین کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جو اسلحہ ان کے پاس ہے وہ ہماری پولیس اور رینجرز کے پاس بھی نہیں ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے مطالبہ کیا کہ وزارت داخلہ ان رپورٹوں پر فوری توجہ دے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے حقیقی اور مئوثر اقدامات بروئے کار لائے۔

## ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکن محمد سلیم انصاری انتقال کرگئے،الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18،ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن محمد سلیم انصاری علالت کے باعث انتقال کرگئے۔مرحوم کی عمر 52 سال تھی،انہیں ایک ہفتہ قبل فالج کے حملہ کے باعث مقامی اسپتال میں شفٹ کیا گیا تھا جہاں ان کا علاج جاری تھا تاہم گزشتہ شب ان کی طبیعت زیادہ بگڑ گئی اور وہ انتقال کرگئے۔مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، 5 بیٹیاں اور 5 بیٹے شامل ہیں۔دریں اثنا متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محمد سلیم انصاری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی محمد سلیم انصاری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم عمرکوٹ کی زونل کمیٹی کے رکن،اولڈ لیاری سیکٹر کی یونٹ کمیٹی کے رکن اور کورنگی سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18،ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم عمرکوٹ زون کی زونل کمیٹی کے رکن راؤ سخاوت علی کے والد راؤ شوکت علی،ایم کیوایم اولڈ لیاری سیکٹر یونٹ یوسی 11 کی یونٹ کمیٹی کے رکن باسط علی کی والدہ محترمہ صائبہ خاتون اور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن انور منصوری کی والدہ محترمہ زبیدہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم پنجاب کے آل ورکرز کنونشن کی کامیابی کے لیئے بھرپور تیاری شروع کردی گئی،
## ایم کیوایم پنجاب ہاؤس میں ہونے والے کنونشن آرگنائزنگ کمیٹی کے اجلاس میں اہم فیصلے

لاہور۔۔۔۔۔۔18،ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے آل پنجاب ورکرز کنونشن کی تیاریوں کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس ایم کیوایم پنجاب ہاؤس میں منعقد ہوا جس میں کنونشن آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔اجلاس میں کنونشن آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کنونشن کی کامیابی کے لیئے کارکنان رابطہ مہم کو تیز کرنے،اضلاع میں کنونشن کے حوالے سے میڈیا بریفنگ اور مختلف کمیٹیاں بناکر کام شروع کرنے کا فیصلہ ہوا۔

☆☆☆☆☆